بیوی کا شوہر کے مال سے بلا اجازت خرچ کرنا؟

غلام مصطفیٰ ظہیر امن پوری

شوہر نے اگر عمومی طور بیوی کو اجازت دے رکھی ہو کہ آپ اتنی اتنی مقدار خرچ کر سکتی ہیں، تو عورت کو ہر خرچ کے وقت اجازت لینے کی ضرورت نہیں، کیونکہ اسے عمومی اجازت ملی ہوئی ہے۔ البتہ وہ اس مقدار سے زائد خرچ نہ کرے، جتنی کی اجازت اس کے شوہر نے دی ہے۔ اس خرچ پر بیوی اور شوہر کو آدھا آدھا اجر ملے گا۔

جن روایات میں بغیر اجازت خرچ کرنے کی ممانعت آئی ہے، اس سے مراد یہ ہے کہ شوہر نے اسے بالکل اجازت نہ دی ہو، نہ عمومی اور نہ خصوصی۔ اور جن روایات میں بغیر اجازت خرچ کرنے کی اجازت ہے، ان سے مراد یہ ہے کہ شوہر نے عمومی اجازت دے رکھی ہے، مگر عورت خاص اس خرچ کے لیے اجازت نہیں لیتی اور سابقہ عمومی اجازت کی بنا پر خرچ کرتی ہے، تو شوہر اور بیوی دونوں کو آدھا آدھا اجر ملے گا۔